Principles of Economics - ICom Part 1 Principles of Economics Chapter 8 Short Questions Preparation

Q1. نظریہ مختتم پیداوار کی تعریف بیان کریں.

Ans 1: "اگر ملک میں مکمل مقابلہ کے حالات موجود ہوں تو ہر عامل پیدائش کو اس کی کسی پیداواری شعبے میں لگائی ہوئی مختتم کائی مختتم پیداواری مالیت کے برابر معاوضہ ملے گا".

Q2. نظریہ مختتم پیداوار کے چار مفروضات تحریرکریں.

Ans 1: ہر عامل کی تمام اکائیاں پیداواری استعداد کے لحاظ سے یکساں ہیں

Ans 2: عاملین مکمل طور پر نقل پذیر ہیں.

Ans 3: عاملین کی رسد مکمل طور پر لچکدار ہے

Ans 4: عاملین کی اکائیوں کو ایک دوسری سے بدلا جاسکتا ہے.

Q3. مختتم پیداواری مالیت سے کیا مراد ہے.

Ans 1: کسی پیداواری شعبے میں ایک عامل کی لگائی گئی اخری اکائی کی پیداوار منڈی میں فروخت کرکے حاصل ہونے والی رقم کو مختتم پیداواری مالیت کہتے ہیں.

Q4. ماخوز طلب سے کیا مراد ہے.

Ans 1: اگر کسی ایک شے کی طلب کو پورا کرنے کے لیے کسی دوسری شے کو طلب کرنا پڑے تو دوسری شے کی طلب ماخوز طلب ہوگی مثلا مکان کی تعمیر کے لیے انیٹیں ،سیمنٹ ، سریا اور بجری